سوال

(715)آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عمامے کا کون سا رنگ تھا ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عمامے کا کون سا رنگ تھا عمامہ باندھنا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے تو عالم حضرات اس حدیث پر عمل کیوں نہیں کرتے سیاہ عمامہ کے متعلق احادیث لکھیں ؟ محمد سلیم بٹ

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفید کپڑوں کو افضل قرار دیا ہے اس لیے سفید لباس افضل ہے حدیث مشہور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ معظمہ میں داخل ہوئے تو آپ پر سیاہ عمامہ تھا۔ 1 اس سے سیاہ عمامہ کا جواز نکلتا ہے ۔ فضیلت سفید عمامہ میں ہی ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سفید کپڑے پہننے کا امر فرمایا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[مسلم ۔ کتاب الحج ۔ باب جواز دخول مکة بغیر احرام ۔ ترمذی ۔ اللباس ۔ باب العمامة السودائ ۔ ابوداؤد ۔ اللباس ۔ باب فی العمائم]

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01 ص505

محدث فتویٰ